24/09/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شیخ انوار الحق سے خبریں سُنئے

بھارت پاک

بھارت نے UN ہیومن رائٹس کونسل کو غلط طریقے سے استعمال کرنے نیز وہاں بھارت کے خلاف بے بنیاد بیانات دینے کے لئے پاکستان کی سخت الفاظ میں نکتہ چینی کی ہے ۔ جنیوا میں بھارت کے مستقل کمیشن کے کونسلر Kshitij Tyagi نے UN ہیومن رائٹس کونسل کے چھٹے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دہشت پسندی کی اعانت کاری کرنا بند کرنا چاہئے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ گاندربل میں طبی نگہداشت ، تعلیم ، سڑک رابطوں اور دیگر سہولیات کو دوام بخشنے کے لئے اپنے Constituency Development فنڈ میں سے تین کروڑ 77 لاکھ روپے منظور کئے ہیں ۔

عمر ملاقات

ممبر پارلیمنٹ اور پبلک Undertakings کمیٹی کے چیر پرسن بی جے پانڈا نے کل وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ سرینگر میں ملاقات کی ۔

لیفٹنٹ گورنرخراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مہاراجہ ہری سنگھ جی کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے انہیں بلند پایہ سٹیٹس مین قرار دیا جنہوں نے عام آدمی کی بہبودی کے لئے کئی اصلاحات متعارف کئے ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کل وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے ہمراہ سرینگر اور گاندربل کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں ترقیاتی کاموں خاص طور سے سڑکوں اور پلوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

GST

ملک بھرمیں جدید GST اصلاحات لاگو ہو گئی ہیں۔ یہ قدم بھارت کے براہ راست ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم مانا جا رہا ہے۔اشیاءاور خدمات پر ٹیکس میں کمی سے عام شہریوں کو بڑے پیمانے پر راحت مل رہی ہے ۔

سیوا پرو

جمونو کشمیر بھر میں سیوا پرو کے تحت اختراعی سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ سیوا پرو کے تحت مختلف اضلاع میں بیداری کیمپ اور دیگر پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سیوا پرو اور سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت ضلع اسپتال گاندربل میں ایک بڑے ہیلتھ کیمپ کا آغاز کیا ۔ اس دوران 70 برس سے زیادہ عمر کے شہریوں میں گولڈن کارڈ تقسیم کئے گئے ۔ انہوں نے بعد میں کھیر بھوانی میں یاتری نواس کا بھی دورہ کیا ۔

پلوامہ

سیوا پرو تقریبات کے تحت پلوامہ میں مختلف محکموں کی طرف سے متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جن میں شرکاءکو عوامی بہبود کی مختلف سکیموں اور بیداری مہموں کے بارے میں جانکاری دی گئی ۔

شوپیان

شوپیان میں بھی سیوا پرو کے تحت مختلف محکموں نے بیداری پروگراموں کا انعقاد کر کے بہتر حکمرانی سے جڑے امور اور لوگوں کے لئے دستیاب سہولیات سے لوگوں کو روشناس کرایا ۔

سیوا پرو اضلاع

بانڈی پورہ میں سیوا پرو تقریبات کو جاری رکھتے ہوئے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی مہم چلائی گئی اور ماحولیاتی توازن سے متعلق لوگوں میں بیداری پیدا کی گئی ۔

بڈگام میں سیوا پرو کے تحت ثقافت اور زراعت سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

اننت ناگ میں اس مہم کے تحت ہارٹیکلچر محکمے کی طرف سے ککر ناگ میں ایک مشینری شو کا اہتمام کیا گیا ۔

کشمیر یونیورسٹی

سیوا پرو کے تحت کشمیر یونیورسٹی کی طرف سے بھی کئی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جن میں صفائی ستھرائی مہم ، فیلڈ دورے اور Literacy پروگرام شامل ہیں ۔

ابھیان

درین اثناءجمونو کشمیر کے مختلف ضلعوں میں سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بھی مختلف مقامات پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ کمیونٹی ہیلتھ مراکز ، پرائمری ہیلتھ سینٹروں اور آیوشمان آروگیہ مندروں نے محکمہ صحت کی طرف سے صحت سے متعلق بیداری کیمپوں اور کونسلنگ پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

DLSA

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سرینگر کی طرف سے گورنمنٹ بائز ہائر سیکنڈری سکول جڈی بل میں Prevention of Sexual Harrasment ایکٹ اور منشیات سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ پروگرام کی صدارت پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج سرینگر تسلیم عارف نے کی جبکہ DLSA سرینگر کے سیکریٹری اور سب جج سجاد الرحمان بھی اس موقعہ پر موجود تھے ۔

ہائی کورٹ

جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس سنجیو کمار نے کل گریز سے ورچول طریقے پر ہائی کورٹ ڈویژن بنچ Proceedings میں شرکت کی ۔ اس عمل سے عدالتی نظام میں ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کی ایک اہم مثال پیش ہوتی ہے ۔

وحید جیلانی

جموں کشمیر کے ایک معروف فنکار استاد وحید جیلانی نے وزیر اعظم نریندر مودی سے یہاں کے روایتی فن کو دوبارہ بحال کرنے میں ان کی مداخلت طلب کی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ یوٹی کے ادبی ، ثقافتی اور نشریاتی اداروں نے مقامی فنکاروں کو یکسر نظر انداز کیا ہے ، جس کے نتیجے میں فنی اور ثقافتی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ